ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 04 مئی 2021ء:۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک سادہ مگر پر وقار تقریب میں آئی جی سندھ نے دوران فرائض کووڈ۔19 وائرس سے شہید ہونیوالے پولیس افسران اور جوانوں کے ورثاء میں ایک ایک لاکھ روپے کی رقم پر مشتمل چیکس اور تحائف تقسیم کیئے۔ایک ایک لاکھ روپے کے یہ چیکس ایک نجی ادارے کی جانب سے سندھ پولیس کے چوبیس شہداء کے ورثاء کے لیئے عطیہ کیئے گئے جبکہ تحائف آئی جی سندھ کی جانب سے تقسیم کیئے گئے۔

آئی جی سندھ نے اس موقع پر کہا کہ کورونا وائرس سے شہید ہونیوالے پولیس افسران و جوانوں کے ورثاء خود کو ہرگز تنہا نہ سمجھیں محکمہ پولیس انکی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ شہداء کے ورثاء کے لیئے محکمہ پولیس میں ملازمت کے ہر ممکن اقدامات کو بھی جلد یقینی بنایا جائیگا۔

تقریب کے موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ،اے آئی جی ویلفیئر سندھ اور اے آئی جی ایڈمن سی پی او کے علاوہ نجی ادارے کے نمائندے بھی موجود تھے۔

۔۔۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔: